© rasailojaraid.com

کے لکھنے والوں میں کئی نامور اور مشاق اہلِ قلم ہیں ۔ یہ کہانیاں پرانے طرز کی خواب ناک کہانیوں سے مختلف ہیں ۔ زندگی کی حقیقتیں، مختصر پلاٹ، چلتے پھرتے کردار، بچوں کے لیے سلیس زبان اور سادہ اندازِ بیان اور ذہنوں پر نقوش چھوڑنے والے نتائج ۔

یہ ہے مختصر تعریف ان کہانیوں کی ۔ کچھ معلوماتی مواد بھی شامل ہے ۔ لطیفے بھی ہیں، رنگین تصاویر بھی اور عربی زبان کے بہت آسان سے دو ان اسباق بھی ۔

۱۶ صفحے کا ایک دلچسپ پمفلٹ تعلیمی نمبر کے ساتھ ملتا ہے جس میں بڑی اہم معلومات (خصوصاً سائنسی) سطر بہ سطر دی گئی ہیں ۔

---

**المعارف** بہ ادارت : سراج منیر و محمد اسحٰق بھٹی صاحبان ۔ دفتر : ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور ۔ قیمت فی شمارہ ۲۵/- روپے ۔ سالانہ ۴۰/- روپے ۔ (قیمتوں کا تناسب سمجھ میں نہیں آیا ۔)

المعارف کی اشاعت نئے خاص کا سلسلہ حال ہی میں شروع ہوا ہے اور اس کا تیسرا شمارہ ہم تک پہنچا ہے ۔ مضمون بہ مضمون تفصیلی گفتگو تو ممکن نہیں، اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ یہ علمی رسالہ اس قابل ہے کہ اس کا خیر مقدم کیا جائے ۔ اس میں جو بھی مضامین و مقالات شائع ہوئے ہیں وہ بہت تحقیقی اور بصیرت مندانہ ہیں ۔ مجموعی طور پر المعارف کے مضامین و مقالات یا تو اسلامی موضوعات سے متعلق ہیں یا ان پر بھی اسلامی فکر و ثقافت کا عکس یا سایہ ضرور موجود ہے ۔ اس وقت شمارہ نمبر ۳ میرے سامنے ہے اور اس کی فہرست میں درج تقریباً تمام مضامین کا تعلق اسلامی فکر، اسلامی ادب، اسلامی تاریخ اور اسلامی شخصیتوں سے ہے ۔ لکھنے والے سبھی ایسے ہیں کہ اپنا ایک مقام رکھتے ہیں ۔ خوشی کا مقام ہے کہ ادارے کا اسلامی تصور اس رسالے میں متجددانہ نہیں ہے ۔

---

© rasailojaraid.com